© rasailojaraid.com

مجلد مع رنگین گرد پوش ۸ روپے۔

کتاب کا مرکزی مقصود تو معلوم نہیں کیا ہے۔ موضوعِ فکر دینی حقائق ہیں جن میں امورِ غیبی و تکوینی بھی شامل ہیں اور کچھ امورِ تشریعی بھی۔ ترتیب یہ ہے کہ ایک ایک عنوان دے کر اس کے متعلق قرآن کی دو ایک آیات درج کر کے تھوڑی سی تشریحی گفتگو کی گئی ہے۔ ہلکی سی چاشنی ذوقِ تصوف کی بھی دی گئی ہے، مگر بس مناسب حد تک۔ طباعت کا معیار اعلیٰ ہے۔

**اساسِ دین کی تعمیر** از: مولینا صدرالدین صاحب اصلاحی: شائع کردہ، مکتبہ جماعت اسلامی ہند، رام پور، یوپی۔ قیمت مجلد مع رنگین گرد پوش ۸ روپے

مؤلف کی اس کاوش کا منشا یہ ہے کہ دین پر کاربند ہونے اور اسلامی زندگی استوار کرنے کے لئے اس کی بنیادوں کو اچھی طرح مضبوط کرنا چاہیے۔ شعوری اور اعتقادی پہلو سے ایمان باللہ اور ایمان بالآخرۃ کو اور عملی پہلو سے ذکرِ الٰہی (نماز) اور صبر کو مؤلف نے اساسِ دین کی تعمیر کے اہم وسائل قرار دے کر ان پر تفصیلی گفتگو کی ہے اور واقعہ یہ ہے کہ بڑی کام کی باتیں بڑے مؤثر انداز کے ساتھ پیش کی ہیں۔

**الفوز الکبیر فی اصول التفسیر** از سیدنا شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔ شائع کردہ، مکتبہ سلفیہ، شیش محل روڈ، لاہور۔ قیمت ۶ روپے۔

علمِ تفسیر میں امام شاہ ولی اللہ دہلوی کا یہ مشہور رسالہ ہے۔ مکتبہ سلفیہ نے اچھے کاغذ پر نہایت خوشنما عربی ٹائپ میں شائع کیا ہے۔ مکتبہ کی یہ خدمت قابلِ قدر ہے۔

**اجتہاد** از: خالد انصاری صاحب، بھوپال۔ شائع کردہ انجمن مسلمانانِ مجگاؤں۔ شریف بلڈنگ۔ مری روڈ، بمبئی ۱۰۔ قیمت نامعلوم۔

مؤلف کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ اسلام پر عمل پیرا رہنے کے لئے اجتہاد ہر دور میں ضروری ہے۔ اسلام اگر قیامت تک کے لیئے ہے تو اجتہاد کا دروازہ قیامت تک کے لئے کھلا ہونا چاہیے۔ چنانچہ اجتہاد کی حقیقت، اس کے شرائط اور تقاضے اور مختلف ادوار کی تاریخ اجتہاد کو پیش کر کے

© rasailojaraid.com